اسلام 360 کے متعلق غلط فہمی نہ پھیلائیں

تحریر : شیخ مقبول احمد سلفی حفظ اللہ
داعی اسلامک دعوۃ سنٹر، طائف(سعودی عرب)

Maqubool Ahmed Maquboolahmad.blogspot.com
SheikhMaquboolAhmedFatawa islamiceducon@gmail.com
Online fatawa salafia Maqbool Ahmed salafi 00966531437827

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اسلام 360 کے متعلق غلط فہمی نہ پھیلائیں

کچھ دنوں سے اسلام 360 کے متعلق لوگوں میں بدگمانی پھیلائی جارہی ہے اس کی وجہ شیخ ابو یحی نورپوری حفظہ اللہ کا اس کے متعلق حالیہ ویڈیو بیان ہے۔ شیخ ابو یحی حفظہ اللہ کی دفاع عن السنہ کے حوالے سے گراں قدر خدمات ہیں، شیخ کی کوششوں سے بہت سارے رفض و تشیع کی راہ چلنے والے سیدھی راہ آ گئے۔ اللہ شیخ کی عمر میں برکت دے اور آپ کی کوششوں کو ذخیرہ آخرت بنائے۔ میں نے شیخ سے آپ کی ویڈیو کے متعلق طویل آڈیو گفتگو بھی کی اور ان سے اس بارے میں استفسار بھی کیا۔

اس گفتگو سے ایک بات یہ معلوم ہوئی کہ آپ کو یہ معلوم نہیں کہ وہ اہل حدیث ہیں اور دوسری بات کہی کہ میں نے اصل ڈونیشن کے حوالے سے بات کی تھی یعنی دیگر باتیں ضمناً آ گئیں۔ میں آپ حضرات کو زاہد حسین چھیپا کے متعلق بتاؤں کہ ان کے والد محمد حنیف چھیپا بریلوی مکتب فکر کے حامل ایک جامع مسجد کے خطیب تھے، اللہ نے زاہد صاحب کو پڑوس کے اہل حدیث اور مرزا حیرت دہلوی کے حل صحیح بخاری سے دین کو سمجھنے میں مدد ملی اور وہ آبائی مسلک چھوڑ کتاب وسنت سے وابستہ ہو گئے۔ غربت میں زندگی گزاری، محنت ومزدوری کی اور چھوٹے موٹے جاب کرتے کرتے آئی ٹی میں ماسٹر ڈگری حاصل کی۔ کبھی کبھی اللہ کسی ڈاکٹر سے تو کبھی کسی انجینئر سے دین کا کام لے لیتا ہے جیسا کہ عالمی پیمانے پر اس کی مثالیں موجود ہیں۔ زاہد صاحب اپنے ایک بیان میں ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ کہیں قرآن کی ایک آیت : "اتَّخَذُوا أَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ أَرْبَابًا مِّن دُونِ اللَّهِ " سنی پھر بھول گیا، بہت کوشش کی مگر یاد نہ آئی اسی سے دل میں خیال پیدا ہوا کہ کیا ایسا کام کیا جاسکتا ہے جس سے دین کی کوئی بات تلاش کی جاسکے چنانچہ اس مقصد سے سوچنے لگا اور اللہ کی توفیق سے اگست 2016 میں اسلام 360 معرض وجود میں آیا۔

آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ یہ ایپ قرآن وحدیث کا سرچ انجن ہے، یہ کوئی مدرسہ اور لائبریری کی طرح نہیں کہ آپ یہاں بیٹھ کر پوری پوری کتاب کا مطالعہ کرتے رہیں بلکہ آپ کو قرآن کی کوئی آیت تلاش کرنی ہے نمبر یا عربی لفظ سے یا پھر قرآن کا ہندی، اردو، نیپالی، انگلش اور رومن اردو ترجمہ جاننا چاہتے ہیں ،اسی طرح قرآن کی کسی آیت کو موضوع کے اعتبار سے تلاش کرنا چاہتے ہیں بآسانی تلاش کرسکتے ہیں۔ قرآن کی طرح صحاح ستہ مع مشکوۃ، سلسلہ صحیحہ ،مسند احمد کے متعلق سرچ کا ایسا ہی بہترین نظم ہے۔ گویا اسلام 360 مطالعہ کا اسٹیج نہیں قرآن وحدیث سرچ انجن ہے اور سرچ کے نوع بنوع انوکھے وآسان طریقوں کی وجہ سے اس ایپ کو عوام وخواص میں تلقی بالقبول حاصل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ متعدد علمائے کرام بشمول اہل حدیث علماء نے اس ایپ کی تصدیق کی اور اس کے استعمال کی ترغیب دی ہے۔ ایپ میں علامہ ابتسام الہی ظہیر کی تصدیق شامل ہے۔ شیخ عبداللہ ناصر رحمانی، شیخ ابراہیم بھٹی اور شیخ محمد داؤد شاکر وغیرہ تصدیق کرتے ہوئے کہتے کہ ہم اپنی اس تحریر سے اس سافٹ ویئر کی تصدیق کرتے ہیں اور عوام الناس کو اس سے مستفید ہونے کی ترغیب دیتے ہیں۔ آپ کو حیرت ہوگی جامعہ بنوریہ عالمیہ کے شیخ الحدیث مفتی محمد نعیم نے اپنے تصدیق نامے میں احادیث کی تصحیح وتضعیف اور تحقیق وتخریج کو قابل ستائش اور بہت بڑا کام قرار دیا ہے پھر اس کام کی تصدیق کرتے ہوئے امت مسلمہ کو استعمال کرنے اور پھیلانے کی تاکید ونصیحت کی ہے جبکہ ہم سب کو معلوم ہے کہ قرآن وحدیث کا اس طرح جمع ہونا، سب کے لئے ان کی تلاش وفہم آسان ہونا اور حدیث کی صحت وضعف معلوم ہونا اہل الرائے اور اہل تقلید کے لئے انتہائی نقصان دہ ہے اور واقعی اس ایپ نے تقلید کرنے والوں کو دلیل تک پہنچنے اور حق کو سمجھنے میں بڑی مدد کی ہے۔ بریلوی اس ایپ سے خار کھاتا ہے کیونکہ اس کو اس ایپ کے ذریعہ پیری مریدی، حلوہ خوری، قبرپرستی، فاتحہ خوانی، عزاداری، عرس بازی، غیراللہ کی نذرونیاز وغیرہ پہ کوئی دلیل نہیں ملتی یہی وجہ ہے کہ جیونیوز کے ایک پروگرام میں کوکب نوانی نے کہا جہاں اس ایپ کے فوائد ہیں وہیں بغیر استاد کے اس ایپ

کے بڑے نقصانات بھی ہیں دراصل کوکب نورانی کا یہ وہی درد ہے جو ہر بریلوی کے پیٹ میں ہے، کچھ دنوں پہلے اسلام 360 پر ایک بریلوی کے لگائے گئے الزامات کی میں نے تردید بھی کی تھی۔

اہل حدیث بھائیوں میں اس ایپ کے متعلق شیخ ابو یحی نورپوری حفظہ اللہ کی ایک ویڈیو سے غلط فہمی پیدا ہوگئی ہے اور اوپر میں نے بتایا کہ شیخ سے میں نے اس بابت رابطہ بھی کیا اور مجھے تب پتہ چلا کہ آپ کو زاہد صاحب کے اہل حدیث ہونے کی خبر نہیں تھی اور وہ اصل ڈونیشن کا جواب دینا چاہ رہے تھے تاہم اس ویڈیو میں کئی ایسی باتیں ضمنا آگئیں جو لوگوں کی بدگمانی کا سبب بن رہی ہیں، میں ان کی حقیقت پیش کرنا مناسب سمجھتا ہوں۔

شیخ نے اس ویڈیو میں بتایا ہے کہ پہلے یہ ایپ بہت اچھا تھا مگر اب اس میں روافض کے ترجمے اور تفاسیر داخل کردی گئیں حتی کہ منکرین حدیث کی تفسیریں بھی شامل ہیں۔ شیخ نے اس مفروضے پر نتیجہ یہ نکالا کہ جب معاملہ ایسا ہے کہ یہ انسانوں کو گمراہی تک لے جائے اس کو ڈونیشن کیسے دے سکتے ہیں۔ آگے عرض کرتے ہیں کہ آپ سمجھتے ہیں اس میں فلاں چیز روافض کی ہے اس لئے نہیں پڑھیں گے بعد کی نسلوں کو یہ معلوم نہیں ہوگا وہ کسی رافضی کی تفسیر پڑھنا شروع کردیں گے اور گمراہ ہو جائیں گے۔ اب میں موجودہ اسلام 360 کے حق میں نہیں ہوں۔

دراصل شیخ نے ایپ کی تردید میں جو بنیاد قائم کیں وہ بنیاد ہی غلط تھی جس کی وجہ سے نتیجہ ہر حال میں غلط نکلے گا، اس ایپ میں روافض تو دور کسی رافضی کی تفسیر شامل نہیں اور نہ ہی کسی منکر حدیث کی تفسیر موجود ہے اس لئے رافضی اور منکر حدیث کی تفسیر پڑھ کر گمراہ ہونے کا حکم لگانا اور نتیجہ اخذ کرنا غلط ہے۔ ہاں ایک رافضی حسن رضوی اور ایک منکر حدیث امین احسن اصلاحی کا اول دن سے ترجمہ موجود ہے اس لئے یہ کہنا پہلے یہ ایپ ٹھیک تھا اور اب یہ گمراہی کا سبب بن گیا یہ بھی سراسر غلط ہے۔

علماء کی ٹیم کا مکتبہ شاملہ اردو تیار کرنا بہت بہتر اقدام ہے اور اس ناحیہ سے بہت منفرد کے تراجم وتفاسیر اور مقالات وکتب کا یونیکوڈ ورزن پیش کیا گیا ہے جس میں الفاظ کے ذریعہ تلاش کرنے کی سہولت ہے اس کے باوجود یہ ایک مکتبہ (لائبریری) ہے جو صرف اردو زبان میں ہے جبکہ اسلام 360 قرآن وحدیث کا اڈوانس سرچ انجن ہے اور مختلف زبانوں اور متعدد فوائد پر مشتمل ہے اس لئے مکتبہ شاملہ اردو اسلام 360 کا بدل نہیں ہے۔ جہاں تک مالی تعاون کی بات ہے تو مکتبہ شاملہ اردو کو احیاء التراث سے مکمل مالی مدد مل رہی ہے جبکہ اسلام 360 پہ ہزاروں روپئے ایک فرد نے اپنی جیب سے لگایا ہے۔ کیا ایک غریب کیلئے بیچنے والا اور جس اسکول میں صفائی کرتا اسی میں تعلیم حاصل کرنے والا اور اپنا خرچ کرکے ایپ بنانے والا تعاون کا محتاج نہیں ہے ؟

کئی بھائیوں نے مجھ سے پہلے بھی ذکر کیا کہ اس میں مختلف قسم کے تراجم وتفاسیر موجود ہیں جو اس ایپ کی بڑی خامی ہے، میں ان سب سے عرض کرتا ہوں کہ اولا تراجم سے گمراہ ہونے کی بات کرنا غلط ہے، دوسری بات یہ سرچ انجن ہے تحقیق کے لئے، دلیل اور موضوع کے مطابق آیت وحدیث تلاش کرنے کے لئے ۔ مطالعہ کے لئے مستقل کتابیں، لائبریریاں، الگ الگ کتاب کی اپلیکیشنز اور پی ڈی فائلیں موجود ہیں، آپ ان کے ذریعہ یکسوئی کے ساتھ علم حاصل کریں۔ اسلام 360 ضرور استعمال کریں مگر مطالعہ کے لئے نہیں تلاش دلیل کے لئے بس اور کبھی تحقیق کے لئے دوسروں کے تراجم وتفاسیر دیکھنے کی ضرورت پڑے تو بھی اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اگر شیخ ابویحی حفظہ اللہ مرزا رافضی کی ویڈیوز نہیں سنیں گے تو اس کا جواب کیسے دیں گے ؟ حقیقت میں میری نظر میں ابتک اس ایپ سے بہتر قرآن وحدیث کا سرچ انجن نہیں ہے۔

گوگل بھی ایک سرچ انجن ہے مگر کوئی یہ عالم نہیں کہے گا کہ اس سے سرچ کرنے والا گمراہ ہو جائے گا جبکہ سرچ کے وقت گمراہی کی سیکڑوں چیزیں سامنے آتی ہیں اور سرچ کرنے والے پڑھے لکھے اور عام لوگ بھی

ہوتے ہیں۔اسی طرح یوٹیوب کے ذریعہ عوام اپنے مطلب کی چیز تلاش کرتی ہے جہاں نہ صرف گمراہی کی چیز بھی ظاہر ہوتی ہے بلکہ ایسی بھی چیز سامنے آتی ہے جس کا دیکھنا بھی حرام ہے ایسی صورت میں یوٹیوب کی گمراہی و حرام چیزوں سے بچنا یا اس جگہ علماء کا اپنا چینل بنانا اور تقاریر لوڈ کرنا اور وہاں سے مواد تلاش کرنا کس زمرے میں آئے گا؟ان جگہوں پر سلفیت برائے نام،شرک وبدعت، فحش ولغو، کفروضلالت، رفض وتشیع اور الحاد ودہریت وافر مقدار میں موجود ہے۔ محدث فورم کے مضامین پر دیوبندیوں اور بریلویوں کے بھی تبصرے ہیں،اس فورم کی کتاب وسنت لائبریری میں مقلدوں اور جماعت اسلامی کی کتابیں ہیں بلکہ دنیا کی تمام لائبریریوں میں کئی مکتب فکر کی کتابیں ہوتی ہیں اس کی وجہ سے کیا ہم محدث فورم،کتاب وسنت لائبریری یا اہل حدیث مدراس کی لائبریری کا بائیکاٹ کریں گے ؟نہیں،کیونکہ یہاں مقصد تلاش وجستجو ہے یہی مقصد اسلام 360 کے پیش نظر ہے۔

اس لئے آخر میں اپنے بھائیوں سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کسی محسن کا شکریہ ادا نہیں کرسکتے تو اس کے متعلق بدگمانی بھی نہ پھیلائیں، جس ایپ سے لوگ دلیل تلاش کر دین کے قریب آرہے ہیں اس کی بدنامی کا سبب نہ بنیں، زاہد صاحب آپ کا بھائی ہے،اس نے خود تحقیق کرکے اہل حدیث منہج اختیار کیا اور دوسروں کے لئے تحقیق کا راستہ ہموار کیا بجائے اس کے کہ ہم اس بھائی کا شکریہ ادا کریں، اس کو مزید مشوروں سے نوازیں اور حوصلہ بڑھائیں دل شکنی کی بات کرتے ہیں۔ اس ایپ میں عبادات کے زمرے میں نماز کے ذکر میں رفع یدین، روزہ کے ذکر میں افطار کی صحیح دعا، حج وعمرہ کے بیان میں بدعی امور کا عدم ذکر اور صحیح دعا وطریقہ کا بیان، جنازہ میں سورہ فاتحہ کا ذکر اور سپلیکیشن (دعا) میں ادعیہ ماثورہ کا التزام ہمیں بہت کچھ سوچنے اور تعریف کرنے پر مجبور کرتا ہے۔ ذرا غور کریں کہ ایک اکیلا بندہ علماء کے بغیر اتنا بڑا کام کرسکتا ہے تو جب انہیں سلفی علماء کا ساتھ ملے گا اور انہیں اپنے سے جوڑیں گے تو کتنا بڑا کام ہوسکتا

ہے لیکن بجائے اپنے سے قریب کرنے کے ان کے خلاف نفرت پھیلائیں گے تو ممکن ہے کوئی دوسرا انہیں اپنالے۔

نوٹ: اسے خود بھی پڑھیں اور دوسروں کو بھی شیئر کریں۔

مزید دینی مسائل، جدید موضوعات اور فقہی سوالات کی جانکاری کے لئے وزٹ کریں۔

Maqubool Ahmed

SheikhMaqubolAhmedFatawa.

00966531437827

Maquboolahmad.blogspot.com

islamiceducon@gmail.com

Online fatawa salafia Maqbool Ahmed salafi

17 May 2020